© rasailojaraid.com



# موجودہ دور میں حدود پر نظر ثانی اور اس میں شامل ماحولیات کا اعتبار

از: محمد عماد الحق مفتی
معاون ڈاکٹر نصیر اختر
لیکچرر، عثمان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (ہمدرد یونیورسٹی)

اس سے پہلے کہ ہم ان جرائم اور سزاؤں کا ذکر کریں جو حدود کے زمرے میں آتی ہیں ہمیں حدود کے لغوی اور اصطلاحی معنی پر بحث کرنی چاہیے۔ لغت میں حدود حد کی جمع ہے جس کے معنی ہیں روکنا، پھیرنا، باز رکھنا، حد جاری کرنا، حد مقرر کرنا [1] یا کسی بھی چیز کی ذاتیات، اور اس ذاتیات کے اندر جو بھی چیزیں داخل ہوں ان کو محدودات کہا جاتا ہے۔ اللہ تبارک وتعالی نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے کہ ﴿تلك حدود الله ومن يتعد حدود الله فقد ظلم نفسه﴾ [2]

ترجمہ: یہ اللہ تعالی کے حدود ہیں اور جو ان حدود سے تجاوز کرے گا گویا کہ اس نے اپنے اوپر ظلم کیا۔

چنانچہ جاننا چاہیے کہ شرعاً اور اصطلاحاً اس پورے عالم میں جتنے بھی جرائم ہیں ان کی کل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تین سزائیں ہیں۔

(۱) قصاص (۲) حدود (۳) تعزیر

## قصاص

قصاص کا مطلب ہے برابری اور اصطلاح شرع میں اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک شخص بذریعۂ ظلم عمداً کسی مسلم ذمی معاہد انسان کو قتل کر دیتا ہے بغیر کسی وجہ کے تو قاتل کو مقتول کے بدلے میں قتل کیا جائے گا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ قاتل اسی طریقے سے قتل کیا جائے گا جس طریقے سے مقتول کو قتل کیا گیا ہے بلکہ خون کا بدلہ خون ہوگا۔ لیکن یہ بھی ضروری نہیں کہ خون کا بدلہ خون ہی ہو کیونکہ ایسی صورت کہ جس میں ورثاء میت اگر خون کے بدلے میں تاوان وصول کرنا چاہیں تو ان کو اس بات کا اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تاوان وصول کر کے مقتول کو معاف کر دیں۔ یہاں تک کہ اگر تاوان لئے بغیر ہی معاف کرنا چاہیں تو اس کا بھی اختیار حاصل ہوگا۔

اس مندرجہ بالا جرم کے علاوہ وہ تمام جرائم کہ جن کی سزا نصوص میں موجود ہو وہ حدود کہلاتی ہیں۔

## تعزیر

ایسے جرائم جن کی سزا میں نصوص قطعیہ موجود نہ ہوں بلکہ حاکم وقت یا موجودہ دور میں جن میں قاضی یا جسٹس اپنی صوابدید پر فیصلہ صادر کرے یا وہ زمانۂ ماضی میں ہونے والے صوابدیدی فیصلے کے مطابق کسی مجرم کو سزا دے تو اس کو تعزیر کہتے ہیں۔ چنانچہ خلاصہ یہ ہوا کہ نصوص سے قصاص و حدود کا ثبوت ہوتا ہے نہ کہ تعزیرات کا۔

چنانچہ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تعزیرات حدود سے بڑھ سکتی ہیں یا نہیں تو میرے خیال میں کہ جہاں اسلامی نظریاتی کونسل اس مسئلہ پر بحث کر رہی ہے کہ موجودہ دور میں حدود پر نظر ثانی کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جائے وہاں اسلامی نظریاتی کونسل کو یہ بھی چاہیے کہ وہ تعزیرات پر بحث کرے کیونکہ اس دور میں جہاں اخلاقیات کا انحطاط ہے اور عدلیہ کی آزادی مشکوک نظر آتی ہے تو ایسی صورت میں قاضی یا جسٹس کے اختیارات پر بھی نظر ثانی امور واجبہ میں سے ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے مسلک کے مطابق تعزیرات حدود سے بڑھ سکتے ہیں جبکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تعزیرات حدود سے نہیں بڑھ سکتے ہیں۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

" الحلال بین والحرام بین و بینهما مشتبهات لایعلمهن کثیر من الناس فمن اتقی الشبهات استبراء لدینه و عرضه ومن وقع فی المشتبهات فقد وقع فی الحرام۔ الا وان لکل ملك حمی الا وان حمی الله محارمه " [۳]

ترجمہ: حلال بالکل واضح اور حرام بالکل واضح ہیں اور ان کے درمیان امور متشابہات ہیں جن کے بارے میں لوگوں کی اکثریت لاعلم ہے ۔ چنانچہ جو متشابہات سے بچا اس نے اپنے دین اور عزت کو محفوظ رکھا اور جو متشابہات میں واقع ہوا تو وہ یقیناً حرام میں واقع ہوا...... خبردار یہ بات جان لو کہ ہر بادشاہ کے حدود ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حدود اسکے محارم ہیں۔

میری رائے ہے کہ اس مندرجہ بالا حدیث میں آپ ﷺ نے حدود اور تعزیرات دونوں پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے۔ آپ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ حلال اور حرام دونوں بالکل واضح ہیں اور ان کے درمیان کچھ چیزیں مشتبہ ہیں جن کے بارے میں اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں۔ چنانچہ محرمات کے ارتکاب پر جتنی بھی احادیث وارد ہوئی ہیں وہ تو حدود ہی سے متعلق ہوں گی اور قرآنی آیات جن میں جرم کی سزائیں واضح کر دی گئی ہیں وہ بھی حدود سے متعلق ہوں گی آپ ﷺ نے اس کی مثال حدیث بالا میں اس طرح دی کہ جیسے کسی بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے جہاں پر حکومتی جانور چرتے ہیں چنانچہ اگر غیر حکومتی جانور اس کے حدود میں داخل ہو جاتے ہیں تو نوبت جنگ تک پہنچ جاتی ہے کیونکہ پہلے بادشاہ کے حدود کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور وہ جنگ کا یا اس کے خلاف کسی اور قسم کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقدامات لینے کا مجاز ہوتا ہے بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ کے حدود اس کے محارم ہیں کہ جن چیزوں سے اس نے منع کیا ہے اگر ان کی خلاف ورزی کی جائے گی تو اس پر سزا ہوگی اور مجرم کیخلاف اس جرم کی پاداش میں مختلف اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

اب ان جرائم میں سے ایک جرم زنا بھی ہے جس کی پاداش میں حدود کے مطابق شادی شدہ کو سنگسار اور غیر شادی شدہ کو کوڑے مارے جاتے ہیں لیکن یہ دونوں سزائیں موقوف ہوتی ہیں اپنے ثبوت پر اور شریعت نے اس کے ثبوت کے لیے چار گواہ طلب کیے ہیں۔ موجودہ دور میں اگر ہم اس حد پر نظر ثانی کریں تو سوال یہ پیدا ہوگا کہ اگر اس جرم کے ثبوت میں چار گواہ میسر نہ ہوں لیکن ان چار گواہوں کے علاوہ کسی سائنٹفک طریقے یا جدید آلات کے ذریعے یہ ثابت ہو جائے کہ فلاں شخص نے یہ جرم کیا ہے تو اس پر حد زنا کا نفاذ ہوگا یا نہیں؟

میری رائے اس معاملے میں منفی ہے۔ اس لیے کہ حدود کے نفاذ میں صرف جرم یا نوعیت جرم یا مجرم اور ملزم ہی کا عمل دخل نہیں ہے بلکہ اس میں ماحولیات وقت اور مجبوریاں بھی داخل ہو سکتی ہیں۔ اس پر دلیل حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کا واقعہ ہے کہ جب انہوں نے اپنے دور میں حد سرقہ کو وقتی طور پر ساقط کر دیا تھا تو اس میں ماحولیات اور مجبوری جیسی چیزوں کا بھی اعتبار کیا گیا تھا چنانچہ اگر DNA رپورٹ کسی ملزم کے جرم کو ثابت کر دیتی ہے اور اس صورت میں چار گواہ بھی موجود نہ ہوں تو اس رپورٹ کی بنیاد پر بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ حد کا نفاذ عمل میں لایا جانا چاہیے۔ لیکن یہاں پر اصحاب علم کا ایک یہ سوال ہوگا کہ چونکہ یہ حد بذریعۂ قیاس نافذ ہوگی تو مقیس اور مقیس علیہ کے درمیان علت کا مشترک ہونا ضروری ہے۔

اب چونکہ یہ نفاذِ حد بذریعہ قیاس ہوگی کہ اس دور جدید میں ہم اس حد کو قیاس کریں گے قرن اول میں موقوف یا وقتی طور پر ساقط ہونے والی حد پر چنانچہ یہاں پر چند لوگوں کا اس بارے میں ایک شبہ پایا جاتا ہے اور میں یہ نہیں جانتا کہ وہ شبہ درست ہے یا نہیں لیکن اگر بغور اس کا مطالعہ کیا جائے اور بصارت کے ساتھ ساتھ بصیرت سے بھی کام لیا جائے تو وہ شبہ درست بھی معلوم ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان حضرات کے خیال میں مقیس اور مقیس علیہ کے درمیان میں ہر اعتبار سے علت مشترک ہونی چاہیے چنانچہ جب ہم اس مسئلہ زنا کو قیاس کرتے ہیں مسئلہ سرقہ پر تو مقیس اور مقیس علیہ کے درمیان میں ہمیں اتحاد نظر نہیں آتا ہے اس لیے کہ حد سرقہ میں قرن اول میں حد کو ساقط کیا گیا ہے جبکہ حد زنا میں ہم حد کو نافذ کرنے کو کہہ رہے ہیں تو مقیس علیہ میں حد کا سقوط پایا جا رہا ہے اور مقیس میں حد کا نفاذ پایا جا رہا ہے اور یہ بات بالکل عیاں ہے کہ حد کے سقوط میں احتیاط زیادہ ہے بہ نسبت حد کے نفاذ کے اور حدود تقاضا کرتے احتیاط کا اپنے نفاذ کے وقت۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ سائنس نام ہے تحقیق، تجربات، اور مشاہدات کا چنانچہ یہ ہوسکتا ہے کہ آج جو دعویٰ سائنس کا ہو کل اس سے زیادہ دعویٰ ہو اور جو حقائق سائنس آج پیش کر رہی ہے وہ کل کو تبدیل ہو جائیں۔

چنانچہ اس صورت میں ان وجوہات کے پیش نظر ہم نفاذ حد کے بجائے سقوط حد کو ہی ترجیح دیں گے اور چونکہ سائینس کے شمول سے تخلیق پانے والے متغیر اور متبدل نتائج کی وجہ سے شبہ پیدا ہو گیا ہے جس بنا پر اب نفاذ حد ممکن نہیں رہے گا تو نفاذ تعزیر کو ہی ترجیح دی جائے گی۔ لیکن جیسا کہ میں اس بحث کی ابتداء میں کہہ چکا ہوں کہ اب یہ ایک الگ نوعیت کی بحث ہے کہ آیا تعزیر حدود سے بڑھ سکتی ہیں یا نہیں؟ اپنی جگہ پر ایک سوالیہ نشان ہوگا۔ فقہ کے اصولوں کے مطابق اور مسلک حنفی کے سرخیل امام اعظم ابوحنیفہؒ کے قول اور اجتہاد کے مطابق تو تعزیرات حدود سے بڑھ سکتے ہیں لیکن ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تعزیرات حدود سے نہیں بڑھ سکتے ہیں۔ میرے خیال میں موجودہ دور میں اخلاقیات کا انحطاط تقوی کی کمی اور ذمہ داریوں سے چشم پوشی، اقربا پروری اور اختیارات کا غلط استعمال ببانگ دہل یہ کہہ رہا ہے کہ تعزیرات حدود سے تجاوز نہیں کرنی چاہئیں اور جج یا جسٹس کے صوابدیدی اختیارات پر ضرور نظر ثانی کرنی چاہیے۔ اسی طرح میری ناقص اور کوتاہ رائے کہ مطابق جدید فنون اور ٹیکنالوجی کے اسرار و رموز کو شرعی معاملات میں نظر ثانی کر کے مقام اعتبار دیا جانا چاہیے اور ان کو مسائل معتبرات کے قبیل سے گردانتے ہوئے زیر بحث لایا جانا چاہیے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



زیرِ نظر بحث میں ایک اہم نکتہ سامنے آتا ہے کہ حدود کے نفاذ میں ماحولیات کا عمل دخل ہوتا ہے۔ میرے خیال میں اگر ہم اسلام کو ایک آفاقی مذہب گرادنتے ہیں تو ہمیں اس globalization میں مسالک کی قید سے قدرے آزاد ہونا پڑے گا۔ دنیا میں تیزی سے آنے والی تبدیلیوں کے نتیجے میں یہ ضروری نہیں کہ حنفی مسلک کی اقتداء واتباع کرنے والے لوگوں کے تمام مسائل کا حل اسی فقہ میں موجود ہو۔ ایسا ہوسکتا ہے کہ حنفی مسلک کے لوگوں کے چند مسائل کا حل فقہ حنفی میں نہ ہو بلکہ کسی اور مستند فقہ کے اصولوں کے مطابق ہو۔ چنانچہ ایسی صورت میں فقہاء کرام کی ماضی کی رائے پر بھی نظر ثانی کرنی ہوگی کہ **تداخل فی المذاهب** جائز نہیں ہے یعنی ایک شخص اگر حنفی مسلک کی تقلید کررہا ہے تو اس کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ چند معاملات میں حنفی رہتے ہوئے کسی اور مسلک کی اتباع کرے۔ لیکن موجودہ دور میں رونما ہونے والی تبدیلیاں ہمیں پھر یہ سوچنے پر مجبور کررہی ہیں کہ اگر اسلام ایک آفاقی مذہب ہے تو اس آفاقی مذہب میں یہ قید کیا حیثیت رکھتی ہے کہ جس پر بسا اوقات خود ایک ہی مسلک کے لوگوں کا عمل کرنا ممکن نہیں ہوتا ہے۔ میں اس پر ایک مثال پیش کرنا چاہوں گا۔

## تمثیل

### صورت مسئلہ:

فقہ حنفی اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ ایک عاقل اور بالغ لڑکا یا لڑکی اپنا نکاح خود کرسکتے ہیں اور وہ اس نکاح کے انعقاد میں وہ کسی ولی کے محتاج نہیں ہوں گے لیکن باقی ائمہ کرام کے نزدیک نکاح کے انعقاد کے لیے ولی کا ہونا ضروری ہے اور یہ حضرات حضرت عائشہ صدیقہؓ کی حدیث ذکر کرتے ہیں کہ " **ایما امرئة نكحت نفسها بغير اذن وليها فنكاحها باطل باطل باطل**"۔[۲۴]

**ترجمہ:** جس کسی خاتون نے اپنا نکاح بغیر ولی کی اجازت سے خود کروالیا تو وہ نکاح باطل ہے باطل ہے باطل ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## اعتبار ماحول

جب ہم اس مسئلے کو ایک ہی ملک کے مختلف حصوں میں دیکھتے ہیں تو پاکستان کے وہ شہر جہاں پر تعلیمی رجحان زیادہ پایا جاتا ہے اگر کسی جسٹس کے سامنے یہ مسئلہ درپیش ہوگا تو اس کا جواب حنفی مسلک کے اعتبار سے اثبات میں ہوگا کیونکہ ان تمام بڑے شہروں میں اس ماحول کو برا نہیں سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اگر ہم اسی قاضی یا جسٹس سے اس مسئلے کی بابت کوئی فیصلہ دریافت کرنا چاہیں گے جو کہ مسلک کے اعتبار سے تو حنفی ہی ہوگا لیکن کسی ایسے قریہ اور شہر میں ہوگا کہ جہاں اس آزادی کو برا اور معیوب سمجھا جاتا ہوگا تو باوجودیکہ وہ قاضی حنفی ہوگا لیکن وہ حنفی مسلک پر کبھی بھی اپنا فیصلہ صادر نہیں کرے گا. کیونکہ ایسی صورت میں جہاں لڑکا اور لڑکی خطرے میں ہیں وہاں اس عمل کی تائید کرنے والا بھی اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھے گا اور ان علاقوں کی مثال جیسے ہمارے صوبہ سرحد کے علاقے اور پاکستان کے قبائلی علاقے ہیں۔

اب اگر ہم ریاست سے باہر نکل کر اسی اسلام کو امریکہ یا یورپ کے ممالک میں پیش کریں گے تو ان کے لیے قابل قبول فیصلہ ائمہ ثلاثہ کا نہیں ہوگا بلکہ احناف کا ہوگا کیونکہ ان کے ماحول میں عاقل بالغ کی رائے اور ان کے فیصلوں کا اعتبار پایا جاتا ہے اور شریعت کا یہ حکم انکے ماحول سے مطابقت بھی رکھتا ہوگا۔

بنابریں میری رائے زیر نظر مضمون میں یہ ہوگی کہ جہاں حدود کے نفاذ میں ماحولیات اور جدید علوم کا لحاظ رکھا جانا ضروری ہے وہاں اسی طرح حدود کے نفاذ کے وقت مقاصد حدود (مقاصد شریعت) کو بھی مدنظر رکھنا امور واجبہ میں سے ہوگا۔

## مقاصد حدود اور مقاصد شریعت

شریعت مطہرہ میں اصل مقاصد ہیں نہ کہ وہ ذرائع کہ جن کے ذریعے سے مقاصد کا حصول ہوتا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ جو ذرائع اسلام نے ہمیں بتلائے ہیں ان سے مقاصد کا حصول یقینی ہے لیکن جب ان ذرائع کا اختلاط ماحول سے ہوگا تو صرف حدود میں تبدیلی ہی نہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آئے گی بلکہ ذرائع میں بھی تبدیلی آسکتی ہے۔

اگر کوئی شخص اپنے جسم کے ایک محترم حصے 'سر' کو زمین پر رکھتا ہے تو مقصد یہ نہیں ہیکہ اس کی عبادت کا جو مقصد تھا وہ فرض عبادت کی ادائیگی کی صورت میں ادا ہوگیا کیونکہ شرعیت کا مقصد یہ نہیں ہے کہ انسان اپنے سر کو صرف زمین پر رکھ دے بلکہ سر زمین پر رکھوانے کا مقصد انسان کے اندر موجود تکبر اور غرور کو ختم کرنا ہے کہ انسان اس بات کا اعتراف کرلے کہ کوئی ذات ایسی موجود ہے کہ جو تکبر اور غرور کے لائق ہے۔ اسی طرح پانچ وقت کی نماز کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ اگر کسی انسان میں تکبر اور غرور پایا جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ شریعت کا اس حکم سے جو مقصد تھا وہ حاصل نہ ہوا۔ بالکل اسی طرح شریعت نے جو حدود مقرر کیں ہیں اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کے ہاتھ کاٹے جائیں اور لوگوں کو سنگسار کیا جائے اور لوگوں کو کوڑے مارے جائیں بلکہ شریعت کا مقصد یہ ہے کہ کسی بھی معاشرے میں ظلم، ناانصافی اور جرائم کو کم کیا جائے یعنی اگر حدود سے بڑھ کر تعزیرات کے ذریعے بھی ان جرائم کو کم کیا جاسکتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ حدود پر نظر ثانی کی جائے اور خصوصا ماحولیات، مقاصد اور جدید علوم وفنون کو مد نظر رکھا جائے۔

## ماحولیات کے اثرات اور عمومی وخصوصی عوارضات

جب ہم بات کرتے ہیں ماحولیات کی تو ماحولیات کے کچھ دائمی اثرات ہوتے ہیں اور کچھ عارضی اثرات ہوتے ہیں چنانچہ ہم نے جو حضرت عمر کے اس فیصلے کو دیکھا کہ جہاں پر انہوں نے حد سرقہ کے نفاذ کو موقوف کر دیا تھا تو یہ سقوط حد اس وقت کے ماحول کے اعتبار سے تھی اور معاشرے کی وہ حالت عارضی تھی نہ کہ دائمی چنانچہ یہ ماحول کے اثرات کی وہ مثال تھی کہ جس میں عارضی وجوہات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی بناء پر حد کو موقوف کر دیا گیا۔

باب لا قطع فی عام مجاعة (یہ باب ہے اس کے بیان میں کہ قحط سالی کے زمانے میں قطع ید نہیں ہوگا)

قال المئولف : دلالة الاحادیث علی الباب ظاهرة ، وفی ۔ الدر المختار : وفی ایام قحط ۔ ۵

ترجمہ: مولف کہتے ہیں کہ اس باب پر احادیث کی دلالت بالکل واضح ہے اور درمختار میں لکھا ہے قحط کے زمانے میں ۔ اسی طرح ملا علی قاری رحمۃ اللہ نے مشکوٰۃ کی شرح مرقاۃ میں فرمایا:

والقطع فی الحنطة وغیرها اجماعا انما هو فی غیر سنة القحط اما فیها فلا سواء کان مما یتسارع الیه الفساد او لا لانه عن ضرورة ظاهرا وهی تبیح التناول وعنه علیه الصلاة والسلام لا قطع فی مجاعة مضطر وعن عمر لا قطع فی عام سنة "۔ ۶

ترجمہ: کہ گندم اور اسکے علاوہ میں قطع ید کا ثبوت ہے بذریعہ اجماع لیکن یہ ثبوت اس وقت ہیکہ جب قحط سالی کا زمانہ نہ ہو لیکن اگر قحط سالی کا زمانہ ہو تو پھر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا چاہے یہ امر مفضی ہو فساد کی طرف یا نہ ہو. اس لئے کہ یہ ایک اضطراری کیفیت ہے اور یہ اضطراری کیفیت بقدر ضرورت غیر کے مال کو مباح کر دیتی ہے. اور آپ ﷺ سے منقول ہے کہ بھوک کی حالت میں اضطراری کیفیت میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہیکہ قحط سالی کے زمانے میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا.

باب لا یقطع سارق الطعام فی عام السنة (یہ باب ہے اس کے بیان میں کہ قحط سالی کے زمانے میں کھانے کی چوری پر ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا)

واخرج : بطریق عبد الرزاق عن معمر عن یحیی بن ابی کثیر ، قال



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



: قال عمر بن الخطاب : لا تقطع فی عذق ولا فی عام السنة . وبه الی معمر عن ابان : ان رجلاً جاء الی عمر بن الخطاب فی ناقة نحرت ، فقال له عمر : هل لك فی ناقتین عشراوین مرتعتین سمینین بناقتك ؟ فانا لا نقطع فی عا م السنة ، والمرتعتان المو طا تان " ۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کا ارشاد ہے کہ قحط سالی کے زمانہ میں کھجور کے خوشے کی چوری پر چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائیگا نیز قحط سالی کے زمانہ میں مطلقاً قطع ید نہیں ہوگا۔

حضرت ابان سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اپنی اونٹنی کے بارے میں گفتگو کرنے کیلئے کہ ان دو لوگوں نے ایک اونٹنی ذبح کر لی تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا کہ کیا تم اپنی اونٹنی کے عوض میں دو موٹی حاملہ اونٹنیاں لینا پسند کرو گے؟ کیونکہ ہم قحط سالی کے ایام میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹتے ہیں۔

وقیل المراد لا قطع فی عام السنة وهی زمان القحط ۔ لانّ الضرورة تبیح التناول من مال الغیر بقدر الحاجة فیمنع ذلك وجوب القطع لما روی عن مكحول رضی الله عنه انّ النبی ﷺ قال لا قطع فی مجاعة مضطر وذكر عن الحسن عن رجل قال رأیت رجلین مكتوفین ولحما فذهبت معهم الی عمر رضی الله عنه فقال صاحب اللّحم كانت لنا ناقة عشراء ننتظرها كما ینتظر الربیع فوجدت هذین قد اجتذ راها فقال عمر رضی الله عنه هل یرضیك من ناقتك ناقتان عشرا وان مربعتان فانا لا نقطع فی العذق ولا فی عام السنة وكان ذلك فی عام السنة والعشراء هی الحامل التی أتی علیها عشرة اشهر وقرب ولادتها فهی اشذ ما یكون عند اهلها ینتظرون الخصب والسعة بلبنها كما ینتظرون الربیع وقوله فانا لا نقطع فی العذق منهم من یروی فی العرق وهو اللحم والاشهر العذق وهو الكباسة ومعناه لا قطع فی عام السنة

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



للضرورة والمخمصة وقد كان عمر رضى الله عنه فى عام السنة يضم الى اهل كل بيت اهل بيت آخر ويقول ان يهلك الناس على انصاف بطونهم فكيف نأمر بالقطع فى ذلك .

ترجمہ: (علامہ سرخسی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں) کہ قحط سالی کے زمانے میں چور کے ہاتھ نہ کاٹنے کی وجہ یہ ہیکہ کہ مجبوری میں دوسرے کے مال کو بقدر ضرورت مباح کے درجے میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور اسکی وجہ سے چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اور یہ ضرورت وجوب قطع ید کے لئے مانع ہوگی اسکی دلیل یہ ہیکہ حضرت مکحول رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا حالت اضطراری میں شدت بھوک کیوجہ سے چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اور حضرت حسن بصری کے واسطے سے منقول ہیکہ ایک آدمی نے کہا کہ میں نے دو آدمیوں کو گوشت اٹھائے دیکھا تو میں انکو حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کی خدمت میں لے گیا، اونٹنی والے نے کہا کہ ہماری ایک اونٹنی حاملہ تھی اور ہم اسکے بچہ جننے کے منتظر تھے جیسا کہ لوگ موسم بہار کے منتظر ہوتے ہیں، میں نے ان دونوں کو دیکھا کہ دونوں نے میری اونٹنی زبح کر ڈالی چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم اپنی اونٹنی کے عوض میں دو موٹی حاملہ اونٹنیاں لینا پسند کرو گے؟ کیونکہ ہم قحط سالی کے ایام میں چور کا ہاتھ نہیں کاٹتے ہیں۔

(اور عشرا اس حاملہ اونٹنی کو کہتے ہیں کہ جو بچہ جننے کے قریب ہو اور یہ بہت خوشی کی گھڑی ہوتی ہے صاحب مال کے لئے بالکل اسی طرح جیسے کوئی شخص موسم ربیع کا انتظار کرتا ہے اور راوی کا یہ نقل کرنا کہ ہم ہاتھ نہیں کاٹتے قحط سالی میں اس مقام پر **عذق** کی جگہ **عرق** کا لفظ بھی آیا ہے لیکن مشہور **عذق** یعنی قحط سالی ہی ہے۔ اور اس کا معنی ہیکہ چور کے ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے قحط سالی کے زمانہ میں بوجہ حالت اضطراری میں ہونے کے اور بوجہ مخمصہ کے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قحط سالی کے زمانے میں دو گھروں کو آپس میں ملا لیا اور وہ یہ کہا کرتے تھے کہ ہم لوگوں کو ہلاک ہونے نہیں دیں گے بھوک کیوجہ سے۔ پھر کس طرح ہم حکم کریں اس قحط سالی میں ان کے ہاتھ کاٹنے کا)۔

میں یہ کہتا ہوں لیکن اس سے یہ بالکل بھی ثابت نہیں ہوتا کہ آئندہ حد میں تبدیلی کے لیے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی عارض کا ہونا ضروری ہے جو کہ حضرت عمر کے دور میں تھا۔ ہاں یہ ضرور ثابت ہوتا ہے کہ اگر عارض ایسا ہو کہ جو عمومی طور پر کسی معاشرے کو نقصان میں مبتلا کر رہا ہو تو اس عارض کو قبول کیا جا سکتا ہے بالفاظ دیگر عارض اس وقت قبول کیا جائے گا جب عارض سے عمومی طور پر امت کو فائدہ ہو رہا ہو نہ کہ خصوصی طور پر کسی فرد کو۔

## کبھی عمومی عوارضات کے نہ ہونے کی صورت میں بھی حد کے نفاذ میں نرمی کا معاملہ

اسی طرح جب ہم بات کرتے ہیں مقاصد شریعت کی اور مقاصد حدود کی تو ہم دیکھتے ہیں کہ ﷺ کی زندگی میں ایک صحابی آپ ﷺ کے پاس تشریف لائے اور خود اس بات کا اقرار کیا کہ میں نے زنا کیا ہے اور مجھ پر حد صادر کی جائے تو آپ ﷺ نے فوراً حد صادر نہیں کی بلکہ جواباً یہ کہا کہ نہیں آپ نے زنا نہیں کیا ہوگا چنانچہ صحابی اپنے جرم کی تکرار کرتے چلے گئے اور آپ ﷺ بھی اپنے جواب کی تکرار کرتے چلے گئے اور آخر وقت تک یہ کوشش کی کہ ہوسکتا ہے کہ ان کی زبان سے کوئی متضاد جملہ صادر ہو جائے اور ان پر حد قائم نہ ہو کیونکہ متضاد جملے کے وقوع سے بیان مشکوک ہو جائے گا اور ان کو فائدہ شبہ کا مل جائے گا۔ اس لئے کہ شریعت کا یہ قانون ہے کہ

**"الحدود تندرء بالشبهات"**

ترجمہ: شبہات کیوجہ سے حدود ساقط ہو جاتے ہیں۔

شبہات حدود کو ساقط کر دیتے ہیں۔ چنانچہ اگر شریعت کا مقصد صرف اور صرف لوگوں کو سنگسار کرنا ہوتا تو آپ ﷺ قطعاً اتنے سوالات نہ کرتے۔ اسی طرح جب ہم مقاصد شریعت کی بات کرتے ہیں تو ان مقاصد کا حصول کبھی جائز حیلوں کی بدولت بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب ان مقاصد کے حصول میں حیلہ اختیار کرنے کی اجازت دی جا رہی ہے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ شریعت کا اصل مقصد حدود کے باب میں صرف حدود کا نفاذ نہیں ہے بلکہ جرائم کی تعداد کو روکنا ہے اور ان کا سد باب کرنا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


چنانچہ ان مثالوں سے صاف ظاہر ہے کہ شریعت کا مقصد حدود کے نفاذ میں کیا ہے یعنی صرف حد کا نافذ کرنا نہیں ہے بلکہ جرائم کو کنٹرول کرنا ہے۔ پھر اس ماحول میں میں سمجھتا ہوں کہ تعلیم کا بھی عمل دخل ہونا چاہیے کیونکہ کبھی ایک طبقہ کوئی جرم تو کرتا ہے اور کسی گناہ کا مرتکب ہوتا ہے لیکن اس کی وجہ اس کی معلومات کا نہ ہونا ہوتا ہے یا اس کی معلومات کا ناقص ہونا ہوتا ہے۔ تعلیم و تربیت کے پہلو کو قطعاً نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تعلیم و تربیت کے ہی اثرات ہوتے ہیں کہ ایک طرف تو کتا ایک نجس جانور ہے لیکن اگر تربیت یافتہ ہے تو اس کا لایا ہوا شکار کھانا درست اور جائز ہوتا ہے۔ اس ضمن میں میڈیا کا کردار بہت اہم ہو جائے گا کہ وہ اپنے معاشرے کے لوگوں کو باخبر رکھیں اور معاشرے کے لوگ لاعلم نہ ہوں کہ کس گناہ کے ارتکاب میں انہیں کیا سزا دی جا سکتی ہے۔ پھر حدود کے نفاذ میں عموم بلویٰ بھی معتبر ہونا چاہیے۔ میں نہیں سمجھتا کہ میری یہ رائے درست ہے یا نہیں لیکن میرا یہ گمان ہے کہ صحبت کے پہلو کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ یہ وہ پہلو ہے کہ جس کو آپ ﷺ نے بھی نظر انداز نہیں فرمایا کہ ایک بلی جیسا جانور جو کہ گوشت خور ہے لیکن اس کا گھروں میں اتنی کثرت سے آنا جانا تھا کہ اس کے جھوٹے سے بچنا ناممکن تھا تو آپ ﷺ نے عمومی بلوی کو دیکھتے ہوئے یہ حکم صادر فرمایا کہ بلی کا جھوٹا ناپاک نہیں ہے کیونکہ اگر بلی کے جھوٹے کو ناپاک قرار دے دیا جائے تو اس میں امت کے لیے حرج تھا اور یہ تکلیف مالا یطاق کے قبیل سے ہو جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ایک ایسی چیز سے بچنے کا حکم دے رہے ہیں کہ جس سے بچنا بندے کے لیے ناممکن ہے اور یہ بات ثابت ہے کہ اللہ اپنے بندے کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے ہیں۔ معاً اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ صحبت کے اثرات بھی ہوتے ہیں کہ بلی ایک گوشت خور جانور ہے لیکن انسانوں میں اس کا کثرت سے آنا جانا اس کی عادات و اطوار کو بھی بدل رہا ہے اور اس کے باوجود گوشت خور ہونے کے تمام خصلتیں گوشت خوروں والی موجود نہیں ہیں۔

چنانچہ بعض مقامات پر آپ ﷺ نے حدود کے نفاذ میں سختی فرمائی اور بعض مقامات پر آپ ﷺ نے حدود کے نفاذ میں نرمی فرمائی ہے۔ میرا یہ خیال ہے کہ عادی مجرموں کے باب میں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ ﷺ نے حد کے نفاذ میں کبھی بھی نرمی نہیں کی لیکن غیر عادی حضرات کے بارے میں حدود کے نفاذ میں آپ ﷺ نے یقیناً نرمی فرمائی ہے یا اس نرمی کے اختیار کرنے کی طرف اشارہ کیا ہے۔

کیونکہ ہم یہ بحث کر چکے ہیں کہ اصل شریعت میں احکامات نہیں ہیں بلکہ اصل مقاصد شریعت کا حصول ہے۔ اور چونکہ سزا کا مطلب کسی کو سدھارنا ہوتا ہے اور عادی مجرم سدھرنے کے لیے راضی نہیں ہے تو اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ یقیناً بے سود ہوگا جبکہ ایسا شخص کہ جس سے حادثاتی طور پر کوئی گناہ سرزد ہو چکا ہے اور وہ عادی مجرم نہیں ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ توبہ استغفار کرے اور یوں اپنے رب سے اپنے آپکو معاف کروالے۔ اس لیے کہ اصل گناہ کے سرزد ہونے کے بعد اس میں پردہ پوشی ہے نہ کہ اظہار اور یہ بھی اس وقت ہوگا کہ جب جانبین کی رضامندی سے گناہ سرزد ہوا ہو لیکن اگر یہ گناہ ظلماً سرزد ہوا ہو تو اس صورت میں مظلوم کو اس کے اظہار کا حق ہوگا بلکہ اس کا اظہار ضروری ہوگا تا کہ ظالم کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔ اب میں اس مقام پر عادی و غیر عادی مجرموں کی مثال پیش کرنا چاہتا ہوں۔

**عادی مجرم کی مثال،**

عن عائشه انَّ قريشاً اهمهم شان المرة المخزومية التى سرقت فقالو امن يكلم فيها رسول الله ﷺ فقالو ومن يجترى عليه الاسامة بن زيد حبّ رسول الله ﷺ فكلمه اسامة فقال رسول الله ﷺ اتشفع فى حدمن حدود الله ثم قام فاختطب ثم قال انَّما اهلك الذين قبلكم انهم كانوا ازا سرق فيهم الشريف تركوه وازا سرق فيهم الضعيف اقاموا عليه الحد وايم اللّٰه لو انَّ فاطمة بنت محمد سرقت لقطعت يدها"

وفى رو ايةلمسلم قالت كانت امرء ة مخزومية تستعير المتاع وتجحده فامرا لنَّبى ﷺ بقطع يدها فاتى اهلها اسامة فكلموه فكلم رسول الله ﷺ فيها ثم ذكر الحديث بنحوماتقدم (مشكوة ص ٣١٤)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہؓ کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ قریشی صحابہ ایک مخزومی عورت کے بارے میں بہت فکر مند تھے جس نے چوری کی تھی اور حضور ﷺ نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تھا ان قریشی صحابہ نے آپس میں مشورہ کیا کہ اس عورت کے مقدمے میں کون آپ ﷺ سے گفتگو کرسکتا ہے اور پھر انہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ حضرت اسامہ بن زید سے رسول ﷺ کو بہت محبت وتعلق ہے اس لیے اس بارے میں آپ سے کچھ کہنے کی جرات اسامہ کے علاوہ اور کسی کو نہیں ہوسکتی۔ حضرت اسامہ نے آپ ﷺ سے گفتگو کی رسول نے فرمایا تم اللہ کے حدود میں سے ایک حد کے بارے میں سفارش کرتے ہو اور پھر آپ کھڑے ہوئے اور خطبہ دیا پھر فرمایا کہ تم سے پہلے جو لوگ گزرے ہیں ان کو اسی چیز نے ہلاک کیا ان میں سے اگر کوئی شریف آدمی چوری کرتا تو وہ اس کو چھوڑ دیتے اور ان میں سے کوئی کمزور چوری کرتا تو وہ اس کو سزا دیتے۔ قسم ہے خدا کی اگر محمد کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرے تو میں اس کا ہاتھ کاٹ ڈالوں (بخاری و مسلم) اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ نے روایت کی کہ ایک مخزومی عورت کی یہ عادت تھی کہ وہ لوگوں سے عاریتاً کوئی چیز لیتی تھی اور پھر اس سے انکار کردیتی تھی چنانچہ نبی نے اس کا ہاتھ کاٹ ڈالنے کا حکم دیا۔ جب اس عورت کے اعزاء حضرت اسامہؓ کے پاس آئے اور ان سے اس بارے میں گفتگو کی اور پھر حضرت اسامہؓ نے آنحضرت سے اس کے متعلق عرض کیا۔ اس کے بعد حدیث کے وہی الفاظ مذکور ہیں جو اوپر کی حدیث میں نقل کیے گئے۔

چنانچہ میرا موقف اس حدیث سے بالکل واضح ہے۔

۱۔ مخزومیہ قبیلہ کی عورت نے چوری کی تھی اور یہ چوری مالی طور پر اس کی مجبوری نہ تھی۔ اور نہ ہی وہ قحط سالی اور فقر وفاقہ کا شکار تھی

۲۔ حد کے نفاذ میں حائل عارض اس کے بڑے قبیلے سے تعلق ہونا تھا نہ کہ اس کا مجبور ہونا۔ اور یہ عارض انفرادی ہے جو قابل قبول نہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۔ یہ عورت عادی مجرم تھی جس کا مسلم شریف میں اس روایت پر چند الفاظ کا اضافہ ہے کہ یہ عورت لوگوں سے عام استعمال کی چیز عاریتاً لیا کرتی تھی اور پھر ان کو واپس نہ کرتی تھی کیونکہ لوگ عام استعمال کی چیز اگر کسی کو دیتے ہیں تو عموماً بھول جاتے ہیں۔

۴۔ حد کے نفاذ سے قبل سفارش کی جاسکتی ہے نہ کہ حد کے نفاذ کے بعد۔ اس لیے کہ حد کے نفاذ سے پہلے وہ بندہ کا حق ہوتا ہے اور حد کے نفاذ کے بعد وہ اللہ کا حق ہو جاتا ہے۔

**وہ مقام جہاں انفرادی عارض حد کو موخر کر دیتا ہے یا بسا اوقات حد کو ساقط کر دیتا ہے**

ا۔ چند مقامات ایسے ہیں کہ جہاں پر انفرادی عارض حد کو موخر کر دیتا ہے۔

**(فصل) ولا تقطع فی شدّة حر ولا برد لانّ الزّمان ربما اعان علی قتله والغرض الزجر دون القتل .**

ترجمہ: اور نہ ہی ہاتھ کاٹے جائیں گے سخت گرمی اور سخت سردی کے زمانے میں کیونکہ کبھی کبھی یہ سبب بن جاتا ہے قتل کا اور (شریعت کا) مقصد سزا دینا ہے نہ کہ قتل کرنا ہے۔

یعنی اگر کسی سارق یا سارقہ کو قطع ید کی سزا سنائی گئی اور موسم ایسا ہیکہ کہ جس میں تکلیف زیادہ بڑھ سکتی ہے بہ نسبت عام موسم کے تو اس سلسلہ میں حد کے نفاذ میں تاخیر ہوگی کیونکہ مقصد اسکا صرف ہاتھ کاٹنا ہے لیکن اگر موسم کیوجہ سے اسکا زخم خراب ہوگیا اور نوبت اسکے مرنے تک آگئی تو اس صورت میں یہ سزا اسکے جرم سے زیادہ ہوگی جو کہ شریعت کا مقصود نہیں ہے۔

**(فصل) ولا تقطع حامل حال حملها ولا بعد وضعها حتی ینقضی نفاسها لئلا یقضی تلفها و تلف ولدها"**

ترجمہ: اور نہ ہی ہاتھ کاٹے جائیں گے حاملہ عورت کے وضع حمل سے پہلے اور نہ ہی وضع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حمل کے بعد یہاں تک کے وہ اپنی نفاس کی مدت مکمل کر لے تا کہ یہ سزا سبب نہ بن جائے اسکے اور اسکے بچہ کی ہلاکت کا یعنی اگر ایسی عورت کو قطع ید کی سزا سنائی گئی ہے کہ جو حاملہ ہے تو اس پر اسوقت تک حد نافذ نہیں کی جائے گی جب تک وہ حاملہ ہو اور وضع حمل کے بعد بھی نفاس تک سزا میں تاخیر ہو گی کیونکہ اس میں اسکی جان جانے کا خطرہ ہے یا اسکے شکم میں موجود ایک نفس کے ضایع ہونے کا خطرہ ہے۔

**"ولا يقطع مريض في مرضه ..........."**

ترجمہ: اور نہ ہی کاٹے جائیں گے مریض کے ہاتھ اسکی حالت مرض میں

یعنی اگر قطع ید کسی مریض کے بارے میں ہے تو اس صورت میں بھی وہ حد اس وقت تک نافذ نہ ہوگی کہ جب تک وہ مریض صحت یاب نہ ہو جائے اور اسمیں بھی نکتہ وہی ہے جو ماقبل مذکور تھا کہ نوبت اس حد کے نفاذ سے اسکی جان کی ہلاکت تک نہ آ جائے۔

ان مندرجہ بالا تین مثالوں کی روشنی میں، میں یہ کہتا ہوں کہ کبھی ملزم کا عارض انفرادی ہو گا لیکن حد صرف موخر ہی نہیں ہو گی بلکہ ساقط کی جائے گی اسلئے کہ فی زمانہ کچھ امراض ایسے ہیں کہ جن میں حد صرف موخر ہی نہیں کی جائے گی بلکہ ساقط کی جائے گی۔ جیسے شوگر کا مریض، اگر شوگر کا مریض چوری میں ملوث پایا جائے تو مندرجہ بالا جزئیات کی روشنی میں میرا عندیہ یہ ہو گا کہ اس پر حد سرقہ نافذ نہ ہو کیونکہ یہ ایک ایسا مرض ہیکہ کہ اس میں معمولی سے زخم سے بھی اجتناب برتنے کو کہا جاتا ہے۔ چنانچہ اگر اس صورت میں اس پر حد سرقہ ساقط کر دی جائے تو زخم مندمل نہ ہونے کی صورت میں اسکی ہلاکت کا خدشہ موجود ہے جو کہ شریعت میں مقصود نہیں ہے۔

**نتیجہ:** چنانچہ وہ تمام صورتیں جہاں حد کا نفاذ ممکن نہیں ہو رہا ہے باوجودیکہ جرم ثابت ہو چکا ہے تو ہم حدود سے تعزیرات کی طرف آئیں گے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## غیر عادی مجرم کی مثال

### مثال نمبرا

عن ابی هریرةؓ قال اتی النبی ﷺ رجل وهو فی المسجد فناداه یارسول اللّٰه انی زنیت فاعرض عنه النبی ﷺ فتنحی لشق وجه الذی اعرض قبله فقال انی زنیت فاعرض عنه ﷺ فلما شهد اربع شهادات دعاه النبی ﷺ فقال ابک جنون قال لا فقال احصنت قال نعم یا رسول الله قال ازهبوا به فارجموه"۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ نبی کریم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا جبکہ آپ ﷺ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے تو اس شخص نے آواز دی کہ یارسول ﷺ مجھ سے زنا کا ارتکاب ہوگیا ہے آپ نے یہ سن کر اپنا منہ اس کی طرف سے پھیر لیا وہ شخص پھر اس سمت میں آپ ﷺ کے چہرہ مبارک کے سامنے آ کھڑا ہوا جدھر آپ ﷺ نے اپنا منہ پھیرا تھا اور کہا کہ مجھ سے زنا کا ارتکاب ہوگیا ہے آپ ﷺ نے پھر اپنا منہ اس کی طرف سے پھیر لیا یہاں تک کہ جب اس نے چار مرتبہ اپنے جرم کا اقرار کیا تو حضور ﷺ نے اس کو بلایا اور پوچھا کہ کیا تو دیوانہ ہے؟ اس نے کہا نہیں پھر آپ ﷺ نے پوچھا کہ کیا تو محصن ہے؟ اس نے کہا ہاں یارسول اللہ اس کے بعد آ ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص کو لے جاؤ اور سنگسار کر دو۔

حدیث فی الباب سے مندرجہ ذیل باتیں ثابت ہوتی ہیں۔

۱۔ ماعز اسلمیؓ زنا کے عادی نہ تھے اس لیے جب ان سے یہ گناہ سرزد ہوا تو انہیں بعد میں بہت شرمندگی ہوئی اور انہوں نے اپنے ضمیر کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے آپ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا۔ وہ اگر عادی مجرم ہوتے تو کبھی بھی اپنے گناہ کا اظہار و اعلان نہ کرتے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ آپ ﷺ نے بار ہا یہ کوشش کی کہ وہ حد سے بچ جائیں اور توبہ استغفار کریں اور اس توبہ استغفار کی مزید تفصیل مثال نمبر ۲ میں عنقریب آ رہی ہے اسی لیے آپ ﷺ نے ان سے مختلف سوالات کئے اور ان سوالات کے مقاصد مندرجہ ذیل ہو سکتے ہیں۔

(الف) اس بات کی تحقیق کر لینا کہ اس گناہ کے ارتکاب سے پہلے اسے اس گناہ کی پاداش میں ملنے والی سزا کے بارے میں معلوم تھا یا نہیں۔

(ب) آپ ﷺ کا پوچھنا کہ کیا تم پر دیوانگی طاری ہوگئی ہے یعنی اس بات کی طرف اشارہ کرنا کہ حدود کے نفاذ کے معاملے میں تحقیق کی کیا اہمیت اور کتنی اہمیت ہے۔

(ج) بار بار اس شخص سے سوال کرنے کا مقصد یہ تھا کہ بار بار جواب دینے میں ان کے بیانات میں اگر تضاد پایا جائے تو اسے شبہ کا فائدہ دیا جائے اور حد نافذ نہ کی جائے۔

(د) بار بار سوالات کا مقصد انہیں یہ احساس دلانا تھا کہ اصل توبہ تھا کہ وہ اس گناہ کا اعلان نہ کرتے اور اللہ سے توبہ واستغفار کرتے شاید وہ تمہیں معاف کر دیتا۔ اور آئندہ کے لیے تم ہر برائی سے بچنے کا پختہ عزم کر لیتے چہ جائے کہ تم اپنی جان کی ہلاکت کی کوشش کر رہے ہو۔

## مثال نمبر ۲

## ماعز اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے واقعہ زنا کی تفصیل

وعن یزید بن نعیم عن ابیه ان ماعزا اتی النّبی ﷺ فاقرَّ عنده اربع مرات فامر برجمه وقال لهزال ولوسترته بثوبك كان خيرا لك قال ابن المنكدر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**ان هزا لا امر ماعزا ان ياتی النبی صلی ﷺ فيخبره "۔**

ترجمہ: حضرت یزید بن نعیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ماعز اسلمیؓ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے چار مرتبہ زنا کا اقرار کیا چنانچہ آپ ﷺ نے ان کو سنگسار کرنے کا حکم دیا نیز آپ ﷺ نے ہزال سے فرمایا کہ اگر تم ماعز کو اپنے کپڑے سے چھپا لیتے (یعنی اس کے زنا کے واقعہ پر پردہ ڈال دیتے اور اس کو ظاہر نہ کرتے تو یہ تمہارے لیے بہتر ہوتا ابن المنکد رکہتے ہیں کہ ہزال ہی نے معاز سے کہا تھا کہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ ﷺ کو اپنے واقعہ سے آگاہ کر دیں۔

**اہم نکات**

☆ علماء کے رائے اس میں یہ ہے کہ ماعزؓ کا بھاگنا ان کے اقرار سے رجوع ہوسکتا ہے۔ جس کی طرف آپ ﷺ نے اشارہ کیا کہ تم نے انہیں چھوڑ کیوں نہیں دیا۔ لیکن میں اس مقام پر چند اضافات کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

۱۔ ماعز اسلمیؓ اپنے گناہ پر اس لیے بہت شرمندہ ہیں کہ وہ اس گناہ کے عادی نہ تھے بلکہ بنا بر بشریت ان سے یہ گناہ سرزد ہوا تھا۔

۲۔ اصل گناہ کے بعد توبہ ہے ایسے مجرم کے لیے جو توبہ کا ارادہ رکھتا ہو اور غیر عادی ہو۔ اس لیے کہ آپ ﷺ سے جب ماعز اسلمیؓ کا واقعہ بیان کیا جا رہا ہے کہ جب ان کو سنگسار کیا جا رہا تھا تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "**هلا تركتموه لعله ، ان يتوب فيتوب الله عليه** کہ تم نے اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیا شاید وہ اپنے اقرار سے رجوع کر لیتے اور اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کر کے سنگساری کے بغیر ہی اس کے گناہ معاف کر دیتے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۔ گناہ کے بعد اصل نفاذ حد نہیں ہے بلکہ پردہ پوشی ہے لیکن اگر گناہ ظاہر ہو جائے تو پھر حد فرع ہو گا۔

ان مندرجہ بالا دو مثالوں میں جن میں غیر عادی مجرموں کا تذکرہ ہے آپ ﷺ نے ایک اصول کی وضاحت کر دی ہے جو کہ مندرجہ ذیل ہے۔

**اصول:** جہاں تک ممکن ہو سکے مسلمان کو حد سے بچاؤ۔

**وعن عائشه قالت قال رسول ﷺ ادروالحدود عن المسلمين مااستطعتم فان كان له مخرج فخلو سبيله فان الامام ان يخطى فى العفو خير من ان يخطى فى العقوبه"۔**

**ترجمہ:** اور حضرت عائشہ راوی ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ جہاں تک ہو سکے مسلمان کو حد کی سزا سے بچاؤ اگر مسلمان ملزم کے لیے بچاؤ کا ذرا بھی موقع نکل آئے تو اس کی راہ چھوڑ دو یعنی اس کو بری کر دو کیونکہ امام حاکم قاضی منصف کا معاف کرنے میں خطا کرنا سزا دینے میں خطا کرنے سے بہتر ہے۔

**خلاصہ بحث:**

(۱) موجودہ دور میں حالات اور عوارضات کو مدنظر رکھتے ہوئے حدود پر نظر ثانی ضروری ہی۔ نہیں بلکہ امور واجبہ میں سے ہے۔

(۲) یہ نظر ثانی صرف حدود پر ہی ضروری نہیں بلکہ تعزیرات پر بھی ہونی چاہیے۔

(۳) سائینس اور ٹیکنالوجی کو ایک خاص حد تک مقام اعتبار دیا جانا چاہیے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۴) حدود اور تعزیرات کیساتھ ساتھ مقاصد حدود اور مقاصد تعزیرات پر بھی بحث امور لازمہ میں سے ہونی چاہیے۔

(۵) مقاصد حدود اگر واضح ہو جائیں تو پھر جرائم کے کنٹرول پر دور جدید میں ذرائع ابلاغ کے کردار اور اسکے محدودات کا تعین بھی ضروری ہے۔

(۶) شریعت کا مقصد صرف سزا دینا نہیں ہے اس لئے کہ خون جیسے جرم میں بھی شریعت نے مقتول کے ورثاء کو اختیارات دیئے ہیں۔

(۷) حدود کے نفاذ میں اجتماعی اور انفرادی دونوں عوارضات کا اعتبار ہونا چاہیے۔

(۸) حدود کے نفاذ میں تاخیر باعتبار حالات کے بھی ہو سکتی ہے۔

(۹) عارضی عارض بھی کبھی مستلزم ہو گا حد کے دائمی سقوط کو اور اس صورت میں رجوع تعزیر کی طرف ہی ہو گا۔

(۱۰) ماعزؓ اپنے گناہ پر اس لیے بہت شرمندہ ہیں کہ وہ اس گناہ کے عادی نہ تھے بلکہ بنا بر بشریت ان سے یہ گناہ سرزد ہوا تھا۔

(۱۱) اصل گناہ کے بعد توبہ ہے ایسے مجرم کے لیے جو توبہ کا ارادہ رکھتا ہو اور غیر عادی ہو۔ اس لیے کہ آپ ﷺ سے جب ماعز کا واقعہ بیان کیا جا رہا ہے کہ جب ان کو سنگسار کیا جا رہا تھا تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "**هلا تركتموه لعله ، ان يتوب فيتوب الله عليه** کہ تم نے اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیا شاید وہ اپنے اقرار سے رجوع کر لیتے اور اللہ تعالی ان کی توبہ قبول کر کے سنگساری کے بغیر ہی اس کے گناہ معاف کر دیتے۔

(۱۲) گناہ کے بعد اصل نفاذ حد نہیں ہے بلکہ پردہ پوشی ہے اگر گناہ جانبین کی رضامندی سے ہو اور وہ گناہ ظاہر بھی نہ ہوا ہو۔ لیکن اگر گناہ ظاہر ہو جائے تو پھر حد فرع ہو گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## حوالہ جات


۱۔ مصباح اللغات قدیمی کتب خانہ

۲۔ سورۃالطلاق آیت نمبر ۱

۳۔ الحدیث ، مشکوۃ ص ۲٤۱

۴۔ صحیح مسلم ج ۲ صفحه ۲۸

۵۔ ابن ماجہ، کتاب النکاح، باب لا نکاح الا بولی، دار قطنی، کتاب النکاح ج ۲ صفحہ۳۸۱،مستدرک حاکم ج ۲ صفحہ ۱۶۸، کنزالعمال ج ۱۶ صفحہ ۵۲۹، بطریق عمر بن الخطاب

۶۔ اعلاءالسنن جلد۱۱،صفحہ ٦٦٧ ،مولانا ظفر احمد عثمانی ،طبع ثالث ۱۴۱۵ھ،ادارۃ القرآن کراچی

۷۔ مرقاۃ ص۱۵۱ ج ۷

۸۔ اعلاءالسنن جلد۱۱،صفحہ ٦٩٠ ،٦٩١، مولانا ظفر احمد عثمانی،طبع ثالث ۱۴۱۵ھ، ادارۃ القرآن کراچی

۹۔ کتاب المسوط، جلد نمبر ۹ صفحہ ۱۴۰، الشّمس الدین سرخسی ،دارالمعرفۃ بیروت۔ لبنان

۱۰۔ الحدود تندرء بالشبھات

۱۱۔ متفق علیہ بحوالہ مشکوۃ شریف ص ۳۱۴

۱۲۔ المغنی والشرح الکبیر ص ۲٦٧ جلد ۱۰




© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۳۔ المغنی والشرح الکبیر ص ۲۶۷ جلد ۱۰

۱۴۔ المغنی والشرح الکبیر ص ۲۶۷ جلد ۱۰

۱۵۔ بخاری ومسلم بحوالہ مشکوۃ ص ۳۱۰

۱۶۔ رواہ ابوداود بحوالہ مشکوۃ ص ۳۱۱

۱۷۔ رواۃ الترمذی بحوالہ مشکوۃ ص ۳۱۱

© rasailojaraid.com